# اپنے بچے کے ساتھ لکھنا پڑھنا

## کنڈر گارٹن (Kindergarten) سے
## گریڈ 6 تک

### والدین کے لئے ایک گائیڈ

URDU

Ontario

*اپنے بچے کے ساتھ لکھنا پڑھنا، کنڈرگارٹن (Kindergarten) سے گریڈ6*
تک اونٹاریو وزارت تعلیم (Ontario Ministry of Education) کے کتابچے
*اپنے بچے کی لکھائی اور پڑھائی* میں مدد کریں
*(Helping Your Child with Reading and Writing): والدین کے لئے ایک*
گائیڈ کا (A Guide for Parents) تازہ ترین اعادہ ہے۔

لٹریسی اور نیومریسی سیکریٹریٹ (Literacy and Numeracy Secretariat)
نے پیرنٹ اینگیجمنٹ آفس (Parent Engagement Office) کے اشتراک
سے تیار کیا۔ اِس اشاعت میں نیا اضافہ: TVOkids.com پر
آن لائن کھیلوں اور سرگرمیوں کے رابطے ہیں۔

# مندرجات


**والدین کے لئے پیغام** ........ 2

**میں اپنے بچے کو سیکھنے میں کیسے مدد کرسکتا/ کرسکتی ہوں** ........ 3

**پڑھنے اور لکھنے کی منازل** ........ 4

اِس سے پہلے کہ آپ کا بچہ لکھنا پڑھنا شروع کرے ........ 5

جب آپ کا بچہ پہلے پہل پڑھنا لکھنا شروع کرتا ہے ........ 6

جب آپ کا بچہ پڑھنا اور لکھنا سیکھ رہا ہوتا ہے ........ 7

جب آپ کا بچہ روانی سے پڑھتا اور واضح طورپرلکھتا ہے ........ 8

جب آپ کا بچہ پڑھائی اور لکھائی میں بتدریج بڑھتا ہے ........ 9

**والدین کے لئے خواندگی کے چار اہم نقاط** ........ 10

اپنے بچے سے بات کریں ........ 10

سمجھنے کی عادات پیدا کریں ........ 12

ہرروزپڑھیں ........ 14

مطالعہ کو تفریح بنائیں، ایک عادت بنائیں ........ 16

**اپنے بچے سے بہترین اُمیدیں وابستہ کریں** ........ 18

**آئن لائن وسائل** ........ 19


خاندان اپنے بچوں کے سیکھنے اور تعلیمی ترقی میں جتنی زیادہ مدد کرینگے، اُتنا ہی زیادہ امکان ہے کہ اُنکے بچے اسکول میں بہتر کارکردگی دکھائیں اور اپنی تعلیم کو جاری رکھیں۔

**Karen Mapp and Anne Henderson, 2002**

*A New Wave of Evidence:*
*The Impact of School, Family, and Community Connections on Student Achievement*

# والدین کیلئے پیغام

## آپ بچے کے پہلے اُستاد ہیں

آپکی مدد سے آپ کا بچہ بڑا ہو کر ایک بہترین پڑھنے والا اور موئثر انداز میں لکھنے والا بنے گا اور جب وہ ایک دِن کالج، یونیورسٹی یا ملازمت میں جائے گا تو اِس سے بہت بڑا فرق پڑے گا! آپ کو اپنے بچے کو لکھنا اور پڑھنا سکھانے کیلئے کوئی خصوصی صلاحیتوں کی ضرورت نہیں ہے۔ صرف اپنے بچے کے ساتھ روز مرہ سرگرمیوں میں وقت گزارنے سے اُس کی زندگی میں بہت بڑا فرق پڑ سکتا ہے۔ خواہ آپ کے بچے نے حال ہی میں پڑھنا لکھنا شروع کیا ہے یا پہلے سے جانتا ہے، سیکھنے کی مزید گنجائش ہمیشہ موجود رہتی ہے۔ جوں جوں آپ کا بچہ بڑا ہوگا تو وہ نئے نئے مواقع اور کامیابیوں سے لُطف اُٹھائے گا کیونکہ اُس کے پہلے اُستاد – یعنی – آپ نے گھر پر وقت نکال کر محنت سے باتیں کیں، کھیلا اور سُنا۔ یہ سب اُس میں مدد دیتا ہے جو آپ کا بچہ اسکول میں سیکھتا ہے۔

ہم نے یہ گائیڈ آپ کی مدد کیلئے بنائی ہے تاکہ آپ اپنے بچے کی مدد کرسکیں۔ تمام ہدایات کی بنیاد اونٹاریو کے نصاب (Ontario's curriculum) پر رکھی گئی ہے اور جو کچھ آپ کا بچہ اسکول میں سیکھ رہا ہے اُس سے منسلک ہے۔ یاد رکھیں، ساری زندگی کی کامیابی موئثر طور پر لکھنے اورپڑھنے کی صلاحیتوں سے شروع ہوتی ہے اور اِس کا مطلب یہ ہے کہ آپ کے بچے کی ساری زندگی کی کامیابی آپ سے شروع ہوتی ہے۔

اکھٹے سیکھنے کا لُطف اُٹھائیں!

**برائے مہربانی نوٹ فرمالیں:** اِس گائیڈ میں والدین کا لفظ والدین ، سرپرست، نگہداشت کرنے والے اور دوسرے افراد خاندان کیلئے استعمال کیا گیا ہے جو بچوں کو پڑھنا لکھنا سکھانے میں مدد کرتے ہیں۔

# میں اپنے بچے کو سیکھنے میں کیسے مدد کرسکتا/ کرسکتی ہوں؟

## پڑھنے لکھنے کی تعلیم اسکول اورگھر میں ہوتی ہے۔

یہ گائیڈ عملی معلومات پر مشتعمل ہے جو آپ کو اپنے بچے کو گھر پر پڑھنا لکھنا سکھانے میں مدد کرے گی۔ یہ ایسی آسان اور پُر لطف سرگرمیاں تجویز دیتی ہے جو آپ اپنے بچے کے ساتھ کرسکتے ہیں۔ کھانے پینے کی چیزوں کے لیبل پڑھنے سے لے کر سودا سلف کی فہرست لکھنے، کھیل کی مشق کی طرف جاتے ہوئے راستے میں باتیں کرتے، سارے افراد خاندان کے ساتھ کسی فلم کے بارے میں گفتگو کرتے ہوئے۔ یہ تمام تجربات جن میں آپ کےبچےکو شریک کیا گیا ہو،اُس کی خواندگی کی صلاحیتوں کو بڑھانے میں مدد کریں گے۔

گھر اور اسکول کا رابطہ بھی آپ کے بچے کی کامیابی کیلئے بہت اہم ہے۔ جب بچے والدین کو اپنے اساتذہ کے ساتھ مل کر کام کرتے ہوئے دیکھتے ہیں تو وہ اسکول کے بارے میں زیادہ محفوظ اور پُر اعتماد محسوس کرتے ہیں۔ اپنے بچے کے اعتماد کو بحال کرنے کیلئے اور یہ جاننے کیلئے کہ آپ اپنے بچے کی تعلیم میں کیسے مدد کرسکتے ہیں اپنے بچے کے اُستاد سے بات کریں۔

تمام بچے اپنی عمر کے ساتھ جسمانی ، ذہنی ، جذباتی طورپر اور معاشرتی اعتبار سے بدلتے ہیں۔ لیکن ہر بچہ سیکھنے کے دوران امتیازی قابلیتیں، ضروریات اور تجربات لاتا ہے۔ اپنے بچے کی – امتیازی ذاتی اور معاشرتی تشخص کا اعتراف اور تصدیق کرنے سے آپ کا بچہ ایک پڑھنے اور لکھنے والے کی حیثیت سے پھلتا پھولتا ہے۔

آخر میں یہ بات یاد رکھیں، کہ پڑھنا اور لکھنا فوراً سیکھا نہیں جاتا۔ ہر شخص ایک مختلف رفتار سے سیکھتا ہے۔ اِس میں وقت، مشق اور مدد درکار ہوتی ہے۔

جب بھی ہوسکے ، جہاں بھی ہوسکے، اپنے بچے کی حوصلہ افزائی کریں اور اِس بات کا اظہار کریں کہ آپ کو اُس کی قابلیت پر بھروسہ ہے۔



# پڑھنے اور لکھنے کی منازل

بچوں کو پڑھنا لکھنا سکھانے کا بہترین وقت وہ ہوتا ہے جب وہ بہت چھوٹے ہوں۔ ایسا اُس وقت ہوتا ہے جب وہ مثبت رویہّ اور بنیادی صلاحیتوں میں ترقی کرنے لگیں۔ بچوں کو پڑھ کر سُنانا اور اُن کے خیالات کے بارے میں اُن سے باتیں کرنا (اگرچہ وہ خیالات فوری طور پر آپکو سمجھ نہ آسکیں) بچوں کو اُنکی گہری سطح تک سمجھ بوجھ میں مدد کرتا ہے۔ اگر آپ اورآپ کا بچہ انگریزی کے علاوہ کسی دوسری زبان میں زیادہ سہولت محسوس کرتا ہے، تو برائے مہربانی اُسے استعمال کریں!

اپنے بچے کو گھر کی زبان میں پڑھ کر سُنانا اور باتیں کرنا بہت زیادہ فائدہ مند ہے۔ پڑھنا لکھنا سیکھنے میں بہت سے مراحل شامل ہیں جو آخرکار روانی سے پڑھنے اور واضح طور پر لکھنے تک پہنچتے ہیں۔ اگلے چند صفحات میں ابتدائی سالوں سے جونئیر گریڈز اور اُسکے بعد خواندگی میں ترقی کےطریقوں کا احاطہ کیا گیا ہے۔



## اِس سے پہلے کہ آپ کا بچہ پڑھنا لکھنا شروع کرے

چھوٹے بچے سیکھنے کیلئے بے تاب ہوتے ہیں اور خواندگی کی صلاحیتیں پیدا کرنے کیلئے مختلف طریقے اپنا سکتے ہیں۔ اِس مرحلے میں آپ کا بچہ:

- چاہتا ہے کہ اُس کےلئے پڑھا جائے اور وہ کتابوں یا الفاظ کو دیکھے
- حروف کے بلاکس کے ساتھ کھیلتے ہوئے، تصویری کتابوں کو دیکھتے ہوئے، مقناطیسی حروف سے کھیلتے ہوئے، گیت گاتے ہوئے اورٹریفک کے سادہ اشاروں کو پڑھتے ہوئے یا کھانے پینے کی چیزوں کے پیکٹ پر لوگو کو پڑھتے ہوئے، الفاظ کے بارے میں سیکھتا ہے۔
- سمجھنا شروع کرتا ہے کہ اس کے خیالات بھی تحریرمیں آسکتے ہیں خواہ وہ کاغذ پر ہوں یا کمپیوٹر پر ، تصویروں ، اشاروں اور حروف کو استعمال کرنےسے
- پڑھنے والوں کی طرح کی حرکتیں شروع کرتا ہے – مثلاً کسی کتاب، یا ای ریڈر یا کمپیوٹر کے ماؤس کو پکڑ کر پڑھنے والے کی طرح ایکٹنگ کرتا ہے۔
- لکھنے والوں کی طرح حرکتیں شروع کرتا ہے – مثلاً کوئی پنسل، کرے اون یا مارکر پکڑتا ہے اور لکھنے کی بناوٹ کرتا ہے۔ کی بورڈ پر ٹائپ کرتا ہے، نمونے بنانے والی مٹی سے حروف بناتا ہے۔
- کہانی دوہرانے کیلئے اپنی یاد داشت اور تصویریں دونوں کو استعمال کرتا ہے۔
- تجسس ہوتا ہے اپنی دُنیا کے بارے میں بہت سے سوال پوچھتا ہے




کچھ تفریحی کام کرنے کیلئے www.tvokids.com پر جائیں اوراِن مزیدار کھیلوں پر جانے کیلئے 2 سے5 سال کی عمر پر کلک کریں

### حرف آواز کی پہچان(فونک)

**میجک میل باکس**

**Magic Mailbox ABC's**

حروف تہیجی کے مختلف حرف کے ناموں کی آوازوں کو سننے کیلئے میل بکس پر کلک کریں۔

www.tvokids.com/games/magicmailboxabcs

**Letterella (Beginner Level)**

حروف تہیجی کے مختلف حروف کی آوازوں کو سیکھنے کیلئے

www.tvokids.com/games/letterella

### Reading around us (environmental print)

**Sign Match**

اپنے ماحول میں اشارے آپ دیکھتے ہیں، اُنہیں ملائیں

www.tvokids.com/games/signmatch

### جوہم پڑھتے ہیں اُسے سمجھنا مطالعہ کو سمجھنے کی اہلیت

**Out of Order**

تصویری کہانی کی تصویروں کو ترتیب دیں

www.tvokids.com/games/outorder

**Gisèle's Big Backyard Book Club**

عظیم کہانیوں کو سُنیں

www.tvokids.com/activities/

# لکھنے اور پڑھنے کے منازل

## جب آپ کا بچہ پہلے پہل پڑھنا لکھنا شروع کرتا ہے

جب پہلے پہل پڑھنا لکھنا شروع کرتے ہیں یہ ضروری ہے کہ جو وہ پڑھ رہے ہیں اُن خیالات کے بارے میں بات کی جائے۔ اِس سے اُنہیں سمجھنے بوجھنے کی صلاحیتوں کی تعمیر میں مدد ملے گی۔ اِس مرحلے میں آپ کا بچہ:

- بولے ہوئے الفاظ سے لکھے ہوئے الفاظ کو ملانا شروع کرتا ہے اور حروف اور آوازوں میں تعلق کا مشاہدہ کرتا ہے۔
- پڑھنے کا تجربہ شروع کرتا ہے اور پڑھتے وقت بلند آوازسے الفاظ کہتا ہے
- سکرین یا کاغذ پر تصویریں دیکھتا ہے جو الفاظ کا مفہوم سمجھنے میں مدد گار ہوتی ہیں
- لکھنے کا تجربہ شروع کرتا ہے – مثال کے طور پر اشارے لکھتا ہے جو حروف سے مطابقت رکھتے ہیں ۔ بے ترتیب انداز میں حروف لکھتا ہے اور پھر بلا آخرصحیح الفاظ لکھتا ہے۔
- جو وہ سیکھنا چاہے گا اُسکے بارے میں سوال کرتا ہے(اس دلچسپی کی حوصلہ افزائی کریں!)



کچھ تفریحی کام کرنے کیلئے www.tvokids.com پر جائیں اورِان مزیدار کھیلوں پر جانے کیلئے 2 سے5 سال کی عمر پر کلک کریں

### حرف /الفاظ کی پیچان (فونکس)

**Alphabet Goop**

معروف الفاظ کی شروع کی آوازوں کے بارے میں سب کچھ سیکھیں

www.tvokids.com/games/alphabetgoop

**Letterella (Pro Level)**

معروف الفاظ کی شروع کی آوازوں کے بارے میں سب کچھ سیکھیں

www.tvokids.com/games/letterella

### نظمیں گانا: نرسری کی نظمیں اور نظموں کے الفاظ

**Loosey Goosey Rhymes**

اُن تمام الفاظ کے بارے میں سیکھیں جو نرسری کی نظم کو بناتے ہیں

www.tvokids.com/games/looseygooseyrhymes

**Rhyme Time**

ان تفریحی نظموں پر کلک کریں، سُنیں،سیکھیں اور یاد کریں

www.tvokids.com/games/rhymetime

### الفاظ جو ہم اکثر دیکھتے ہیں: نظارہ الفاظ / تیزرفتارالفاظ

**Melvin's Marvellous Words**

نظارے کے الفاظ سیکھنے سے بہتر پڑھنے والا بننے میں مدد ملتی ہے۔

www.tvokids.com/games/melvinsmarvellouswords

**Melvin's Marvellous Stories**

نظارے کے الفاظ سیکھنے سے بہتر پڑھنے والا بننے میں مدد ملتی ہے۔

www.tvokids.com/games/melvinsmarvellousstories

## جب آپ کابچہ پڑھنا اور لکھنا سیکھ رہا ہوتا ہے

باقاعدہ مشق کے ساتھ بچے پڑھنے اورلکھنے میں روانی پیدا کرلیتے ہیں۔ ساتھ ہی ساتھ وہ اُن کہانیوں اور معلومات کو جو وہ پڑھتے ہیں کے بارے میں زیادہ گہرائی سے سوچنا بھی سیکھ لیتے ہیں۔ اِس مرحلے میں آپ کابچہ:

- اِس قابل ہوجاتا ہے کہ اپنے مطالعہ کو مختلف قسم کے پڑھنے کے مواد سے موافقت کرلیتا ہے۔ بہت سے الفاظ کو پہچان لیتا ہے، یہ جان لیتا ہے کہ الفاظ کا کیا مطلب ہے اور نئی چیزیں پڑھنے کی کوشش کیلئے تیار ہوتا ہے۔
- اصل حروف استعمال کرتا ہے، الفاظ کے درمیان جگہ چھوڑتا ہے اور کچھ اوقاف ورموز لگا کر سادہ جملے لکھتا ہے۔
- لکھنے کا لُطف اُٹھاتا ہے اور مختلف طریقوں سے لکھنے میں دلچسپی ظاہر کرتا ہے– مثلاً سودا سلف کی فہرست، مختصر ای میل یا ٹیکسٹ کا پیغام لکھتا ہے۔
- باخبر ہونے لگتا ہے کہ میڈیا مختلف مقاصد کیلئے استعمال کئے جاتے ہیں – مثلاً تعلیم دینے کیلئے، پیغام دینے کے لئے اور کچھ فروخت کرنے کیلئے




کچھ تفریحی کام کرنے کیلئے www.tvokids.com پر جائیں اور اِن مزیدار کھیلوں پر جانے کیلئے Ages 11 and Under پر کلک کریں۔

### ہجے: معروف الفاظ کے ہجے

**Word Hunt**

Hangman the tvokids.com way.

موسم سرما کی اشاعت کو بھی کھیلیں!

www.tvokids.com/games/vikingwordhunt and www.tvokids.com/games/vikingwinterwordhunt

**Word Magic**

خود یا دوسرے ساتھی کے ساتھ ہجوں کی مشق کریں۔

www.tvokids.com/games/wordmagic

### ہم جو پڑھتے ہیں اُسے سمجھنا (پڑھنے والے مواد کی سمجھ بوجھ): چیزوں کو بیان کرنا

**Bump-A-Word**

اپنی تحریر میں بیانیہ الفاظ استعمال کرکے اِسے اور زیادہ دلچسپ بنائیں

www.tvokids.com/games/tumbletownbumpaword

### گرامر: بولنے کا حصہّ

**Big Escape**

اسم، فعل اور صفت اور گرامر کی بہت سی دوسری اصطلاحات کے بارے میں سیکھیں۔ (یقینی طور پر The Big Escape کے چاروں ابواب پر غور کریں)

www.tvokids.com/games/bigescape

# لکھنے اور پڑھنے کے منازل

## جب آپ کا بچہ روانی سے پڑھتا اور واضح طور پر لکھتاہے

روانی سے پڑھنے والے جو کچھ پڑھتے ہیں اُس حوالہ سے اپنے دوسرے تجربات کے بارے میں سوچتے ہیں۔ اِس مرحلہ میں، آپ کا بچہ:

- اپنے علم اور تجربے کے ساتھ شائع شدہ مواد میں خیالات اور تجربات کا ربط پیدا کرتا ہے
- کہانی میں واقعات کی پیش گوئی کرتا ہے
- مطالعہ کی قدر کرتے ہیں اور ایسا اپنی صلاحیتوں سے کرتا ہے
- پڑھنے کی صلاحیتوں کو لکھنے کی طرف بڑھاتے اورلکھنا شروع کرتا ہے:
  - الفاظ کے صحیح ہجے کرنے کیلئے مختلف حکمت عملیاں استعمال کرتا ہے
  - فقروں کی مختلف اقسام استعمال کرتا ہے
  - اپنی پسندیدہ چیزوں کے بارے میں لکھتے ہیں (وہ آپ کی فیملی بھی ہوسکتی ہے، کوئی ویڈیو گیم یا پالتو جانور)



کچھ تفریحی کام کرنے کیلئے www.tvokids.com پر جائیں اور اِن مزیدار کھیلوں پر جانے کیلئے Ages 11 and Under پر کلک کریں۔

### الفاظ کی تفریح: ہجے سمجھ بوجھ، لفظ کی کھیلیں

**The Amazing Spelling Fleas**

گرامر کے ساتھ تفریح، ہجے اور پڑھنے کی سمجھ بوجھ

www.tvokids.com/games/amazingspellingfleas

### ہجے: غیرمانوس الفاظ کے ہجے

**Spot and Spell**

تمام الفاظ کے ہجے صحیح طور پر کرنے کی کوشش کریں

www.tvokids.com/games/spotandspell

**Reading Round-Up**

tvokids.com کے طریقہ سے الفاظ کی تلاش!

www.tvokids.com/games/readingroundup

### مطالعہ: کتابوں کے عنوان اور ہر سطح کے ریویو

**Tumbletown Reads Book Club**

بچوں کے لکھے ہوئے کتابوں پر ریویو پڑھیں

www.tvokids.com/activities/tumbletownreadsbookclub

## جب آپ کا بچہ پڑھائی اور لکھائی میں بتدریج بڑھتا ہے

تنقیدی خواندگی لکھے ہوئے یا دوسرے ذرائع ابلاغ کے ظاہری پہلو کی تہ میں پیغامات کی جانچ اور گفتگو کی مشق ہے تاکہ ہم اُس ماحول کو سمجھ سکیں جس میں ہم رہتے ہیں۔ بچے تنقیدی خواندگی کی صلاحیتوں کی مشق اُس وقت کرتے ہیں جب وہ لکھنے کے مقاصد کے بارے میں سوچتے ہیں اور بات کرتے ہیں کہ کیسے متن (جس میں وہ کتابیں، ویب سائٹ، رسائل، پوسٹر اور بہت کچھ) مختلف نقطہ نظر، عقیدے اورنظریات پیش کرتا ہے۔ اِس مرحلے میں آپ کا بچہ:

- مختلف اقسام کے متن درست طور پر روانی اور جذبات کے اظہار کے ساتھ پڑھنے اور سمجھنے کے قابل ہوتا ہے۔
- اپنے عقیدہ اور نقطہ نظر کو بیان کرنے کیلئے مختلف قسم کے میڈیا کے ذرائع (جیسے ویڈیو، بلاگ اور گرافک ناول مطالعہ) اور تحریر کی تخلیق کے قابل ہوتا ہے۔
- تحریر و تقریر کے معاشرتی پہلو میں دلچسپی رکھتا ہے اور اپنے منتخب متن کے خیالات اور نظریات میں شرکت کا لطف اُٹھاتا ہے (جیسےدوستوں کے ساتھ سوشل میڈیا کی سائٹ پر اور فوری پیغام کے ذریعہ کسی نظریہ پر گفتگو میں شریک ہو کر)




کچھ تفریحی کام کرنے کیلئے www.tvokids.com پر جائیں اور اِن مزیدار کھیلوں پر جانے کیلئے Ages 11 and Under پر کلک کریں۔

### الفاظ کی تفریح: ہجے سمجھ بوجھ، لفظ کی کھیلیں

**The Amazing Spelling Fleas**

گرامر کے ساتھ تفریح، ہجے اور پڑھنے کی سمجھ بوجھ

www.tvokids.com/games/amazingspellingfleas

### ہجے: غیرمانوس الفاظ کے ہجے

**Spot and Spell**

تمام الفاظ کے ہجے صحیح طور پر کرنے کی کوشش کریں

www.tvokids.com/games/spotandspell

**Reading Round-Up**

tvokids.com کے طریقہ سے الفاظ کی تلاش!

www.tvokids.com/games/readingroundup

### مطالعہ: کتابوں کے عنوان اور ہر سطح کے ریویو

**Tumbletown Reads Book Club**

بچوں کے لکھے ہوئے کتابوں پر ریویو پڑھیں

www.tvokids.com/activities/tumbletownreadsbookclub

## **پہلا نقطہ** اپنے بچے سے بات کریں

سُننے کے نتیجہ میں سیکھتے ہیں جو بعد میں بہترسُننے اور دوسرے شخص کی توجہ کی طرف راہ ہموار کرتا ہے۔ دوسرے لفظوں میں، بچے سے سیکھنے کیلئے، ہمیں کامل ہم آہنگی ضروری ہے، اور جیسے جیسے ہم سیکھتے ہیں ہم آہنگی بڑھتی ہے۔

**Alice Miller, 2002**
*For Your Own Good*

یہ بظاہر عام سی بات لگتی ہے لیکن یہ ضروری ہے کہ اپنے بچے سے بات کرتے ہوئے اُسے سُنیں۔ بچے بولنے اور سُننے کے ذریعہ پڑھنے اور لکھنے کی صلاحیت پیدا کرتے ہیں۔ آپ اپنے بچے کو یہ سکھانے میں مدد کریں کہ الفاظ کیسے کام کرتے ہیں جب آپ:

- لکھے ہوئے حرف کو ادا کریں جیسے گلی پر لگے ہوئے اشارے
- لفظوں کی کھیلیں گائیں جس میں آپ کا بچہ شروع کی آوازوں کو نئے مزاحیہ الفاظ سے بدل دیتا ہے۔
- آپ کا بچہ جن نئے الفاظ کے ہجے جانتا ہو اُن کیلئے نئے حروف استعما ل کرے ہجے ایجاد کریں۔
- بات کرنے سے آپکے بچے کی نئی چیزوں کو سمجھنے کی صلاحیت کی تعمیر ہوتی ہے۔ اس قسم کی بات چیت آپ کے بچے کو باقاعدہ بتانے سے بہت آگے چلی جاتی ہے(جیسے،"یہ دانتوں کو بُرش کرنے کا وقت ہے،" یا "کھانے سے پہلے اپنے ہاتھ دھوئیں") گھر میں اُس سےاِس قسم کی گفتگو کرنے کے کچھ طریقے یہ ہیں:
- **اپنے بچے سے مسائل اور اُن کے حل کے بارے میں بات کریں۔** بات کریں کہ روزمرہ کے مسائل سے کیسے نپٹا جائے، جیسے کھانا بنانے کیلئے وقت کیسے نکالا جائے، تاکہ ہم اپنا پسندیدہ TV شو دیکھ سکیں یا اکھٹے آن لائن جاسکیں۔

# والدین کیلئے خواندگی کے چار اہم نکات

- **اِس بات کو یقینی بنائیں کہ آپ کے بچے کو سوچنے کا وقت ملے۔** بعض اوقات یہ سوچنے میں وقت لگتا ہے کہ آگے کیا کہے۔ آپ کے بچے نے کیا کہنا ہے اُس کے انتظار کیلئے تیار رہیں۔ اگر وہ کہتا/ کہتی ہے کہ،"میں نہیں جانتا/جانتی کہ میں کیا سوچوں،" تو بہتر جواب کیلئے انتظار کریں– کہیں نہ کہیں اُسکے پاس ایک جواب ہے!
- **اپنے بچے سے اُس کی پہلی زبان میں بات کریں۔** بچے اپنے علم کو ایک زبان سے دوسری زبان میں بڑی اچھی طرح منتقل کر لیتے ہیں۔ پہلی زبان میں بولنے سے آپ کے بچے کو (انگریزی (English)اور فرانسیسی (French) اور دوسری زبانوں میں بھی مدد ملے گی۔ اس سے آپ کے بچے کو اپنی معاشرتی تاریخ کے بارے میں زیادہ سیکھنے کا موقع ملے گا۔
- **ایسے سوالات کریں جو آپ کے بچے کو اپنے خیالات کے بارے میں بات کرنے کی طرف لے جائے۔** اپنے بچے کو کچھ بتانے کے بجائے اُس سے ایسا سوال پوچھنے کی کوشش کریں، جو اُسے ایسا سوال کریں جو اُسے اپنے خیالات کے بارے میں بات کرنے کی طرف لے جائے۔ مثال کے طورپر، اپنے بچے کو یہ بتانے کے بجائے کہ آپ خاندانی تقریب کیسے منانے کی منصوبہ بندی کررہے ہیں۔ ایک منصوبہ بنانے کے بارے میں اُس کی رائے پوچھیں (نئی اختراع اور اپنے بچے کے ساتھ منصوبہ میں مدد کیلئے تیار رہیں!)۔

اپنے بچے کو سُننا اور اُس کے لئے اونچی آواز میں پڑھنا دونوں بہت ضروری ہیں اور جب وہ خود روانی سے پڑھنے لگیں تب بھی اُن کیلئے پڑھنا جاری رکھیں۔ اکھٹے پڑھنے کے بہت مختلف طریقے ہیں: صفحے پڑھنے کے لئے باری لینا، ہم آہنگی سے پڑھنا اور پڑھنے کے دوران باتوں کیلئے رُکنا۔ بچے اُن کتابوں کو چُنتے ہیں جن میں وہ دلچسپی رکھتے ہیں اور اُنہی کتابوں میں آپ کی دلچسپی سے پرُ گفتگو اُس طرف لے جائے گی جس سے سُننے اور باتیں کرنے کی صلاحیتوں کی تعمیر ہوگی۔

### اگر آپ اُلجھ گئے ہیں تو آپ کی گفتگو شروع کرنے کیلئے یہاں کچھ "ابتدائی باتیں" ہیں :

- آپ نے ...کے بارے میں کیا مشاہدہ کیا
- اِس کے علاوہ آپ کیا کرسکتے ہیں...
- آپ کیا کریں گے اگر...
- کیا ہوگا اگر...
- آپ کو کیسے علم ہے کہ؟
- مجھے اِس کے بارے میں قائل کریں!

### جب آپ سُن رہے ہوں

- اگر یہ کوئی کتاب ہے جو پڑھی جارہی ہے تو متجسس ہو کر اور سوالات پوچھ کر اپنے بچے پر یہ ظاہر کریں کہ آپ کتاب سے لُطف اندوز ہورہے ہیں۔
- جو کچھ بچہ پہلے سے جانتا ہے اُس کے بارے میں تعلق پیدا کریں۔
- جو آپ سُن رہے ہیں اُسے دوبارہ کہیں
- انتظار کریں، اِس بات کو یقینی بنائیں کہ آپ کے بچے کے پاس پیچیدہ الفاظ کو سمجھنے کیلئے کافی وقت ہو
- مطالعہ کے بعد، کتاب کے دلچسپ اور اُلجھانے والے حصوںّ کے بارے میں بات کریں۔

**دوسرا نقطہ** سمجھنے کے بارے میں عادتیں جو کردار کا لازمی جزو ہوتی ہیں۔

آپ جس قدر مطالعہ کریں اتنا ہی آپ چیزوں کے بارے میں جانیں گے۔
آپ جس قدر سیکھیں گے اتنا ہی زیادہ آپ جگہوں پر جائیں گے۔

**Dr. Seuss, 1978**
*I Can Read with My Eyes Shut!*

آپ اپنے بچے/ بچی کو مطالعہ کے ذریعہ اُسے اپنے بارے میں اور دُنیا کے بارے سکھانے میں مدد کرسکتے ہیں– جسے اساتذہ "سمجھ کے ساتھ مطالعہ" کہتے ہیں– چند حکمت عملیوں کے ساتھ ، جیسے مندرجہ ذیل:

- **سوالات پوچھنا،** اپنے بچے کے ساتھ مطالعہ کرتے ہوئے ایسےسوالات پوچھیں،"ایسا کیوں ہوا؟"، "آگے کیا ہوسکتا ہے؟"، "کیا اِس سے کوئی بات سمجھ آتی ہے؟"، "یا کیا یہ مناسب تھا جب...؟" ایسے سوالات بچے کو کہانی میں ربط پیدا کرنے میں مدد کرتے ہیں۔
- **تحریر کی تہ میں جاکر مطالعہ کرنا۔** نتائج اخذ کرنے کیلئے– ایسے مفہوم کا سُراغ لگانے کیلئے جو بلاواسطہ بیان نہیں کئے جاتے۔ آپ کے بچے کو کہانی سیکھنے کیلئے اور اپنے علم اور تجربہ دونوں معلومات کا استعمال کرنے کی ضرورت ہوتی ہے۔ مطالعہ کی "تہ میں جاکر" حقائق نکالنے کی حکمت عملی میں سُراغ جمع کرنے اور اُنہیں استعمال کرکے مطلب"نکالنا" شامل ہے۔
- **سب کو اکھٹا کرنا۔** آپ اپنے بچے کو سب کچھ اکھٹا کرنے کیلئے پہلے تمام معلومات جو اُس نے مطالعہ سے جمع کی ہیں کے بارے میں بات کرنے سے پھر اہم نکات کا خلاصہ بنانے اور اُن نکات کو کسی اُلجھی ہوئی چیز کے ٹکڑوں کی طرح اکھٹا کرنے کی حوصلہ افزائی کریں۔
- **مشکل الفاظ کے مطلب نکالنا۔** اپنے بچے کو وقت دیں کہ وہ کسی لفظ کا مطلب نکالے یا غلطی کی پہچان کرے۔ اگر غلطی مطلب پراثر انداز نہیں ہوتی تو اُسے نظر انداز کریں۔ آپ کا بچہ جس لفظ کا مطلب نہ جانتا ہو اُس کےلئے مختلف تدابیر استعمال کرسکتا ہے:
  - لفظ کی آواز نکالیں۔
  - تصویروں کو دیکھیں۔
  - لفظ کو چھوٹے ٹکڑوں میں تقسیم کریں۔
  - مشکل لفظ کے آگے پیچھے والے الفاظ کو دوہرائیں۔
  - وقتی طور پر اُس لفظ کو چھوڑتے ہوئے آگے بڑھیں۔
  - بچے نے اب تک جو پڑھا ہے اُس کے متعلق بات کریں اور دیکھیں کہ اُس نے کس حد تک سمجھا ہے۔
  - جواب کیلئے بہن یا بھائی سے پوچھیں۔

# والدین کیلئے خواندگی کے چار اہم نکات

آپ کا بچہ میڈیا سے بھر پور ٹیکنالوجی کی دُنیا میں پرورش پارہا ہے۔ سوسائٹی میں تبدیلیاں اتنی تیزی سے آرہی ہیں کہ بچوں کو چھپے ہوئے اور دوسرے میڈیا میں پوشیدہ پیغامات کے بارے میں سوچنے کیلئے وقت درکار ہے۔ ذیل میں دیئے گئے تنقیدی خواندگی کی صلاحیتوں کی پرورش میں مدد کے کچھ طریقے ہیں:

- اپنے بچےکو مقرر کے نقطہ نظر یا ذہنی نقشہ کو سمجھنے میں مدد کریں۔
- پیغام میں دیئے گئے منصفانہ پہلوؤں پر گفتگو کریں اور چھوڑی جانے والی معلومات کے گمراہ کن اثرات کا مشاہدہ کریں۔
- زبان کیسے لوگوں کوقائل کرنے کیلئے استعمال ہوتی ہے اُسکے بارے میں بات کریں– مثال کے طور پر اشتہار بازی میں زبان کے زوردار اثرات پر بات کریں۔
- اپنے بچے سے پوچھیں کہ کیا اُس نے کوئی نئی چیز سیکھی ہے، جس سے نئے سوالات اُبھرتے ہیں۔ کیا اُس نے موضوع کے بارے میں آپ کے بچے کی سوچ کو بدلا؟ وہ کیسے معلوم کرسکتا ہے کہ یہ خیالات صحیح ہیں؟

**اپنے بچے کو تنقیدی سوچ کے ساتھ مطالعہ، سوالات پوچھنے کی حوصلہ افزائی کریں:**

- یہ کتاب کس کے بارے میں ہے؟ آپ اِسے پڑھنے میں کیوں دلچسپی رکھتے ہیں؟
- اِس اخباری مضمون کا مصنف ہمیں کیا بتانا چاہتا ہے یا ہمارے اندر کیا سوچ پیدا کرنا چاہتا ہے؟
- کیا لکھنے والا چاہتا ہے کہ ہم کسی بات پر یقین کریں؟
- اِس رسالہ کا موضوع بچوں، 13سے19 سالہ بچوں اور والدین کے لے کیا کہتا ہے؟
- مصنف نے پیغام کو پہنچانے کیلئے الفاظ اور خاکوں کو کیسے استعمال کیا ہے؟



## تیسرا نقطہ روزانہ پڑھیں

... میری خیالی جنت میں بچے اسکول جانے سے بہت پہلے پڑھنا سیکھ چُکے ہوں گے۔ ...لہذا برائے مہربانی میری آپ سب سے درخواست ہے کہ اپنے بچوں کیلئے شاندار کتابیں بلند آواز سے پڑھیں! اُن کی پیدائش کے دِن سے شروع کریں۔

**Mem Fox, 2005**
*"If I Were Queen of the World"*

اپنے بچے کے ساتھ روزانہ پڑھنے کی کوشش کریں۔ خاندان کے تمام افراد مدد کرسکتے ہیں(یہ ناشتہ کی طرح ہے– جسے چھوڑنا نہیں چاہیئے!) یہ ایک واحد انتہائی اہم چیز ہے جو آپ کے بچے کو پڑھائی اور لکھائی سکھانے اور اسکول میں کامیاب کروانے میں مدد کیلئے آپ کرسکتے/ سکتی ہیں۔

بچے جو کم عمری میں پڑھتے ہیں اُن کی مطالعہ سے محبت کی زیادہ توقع کی جاتی ہے اور بڑے ہو کر وہ اچھے پڑھنے والے بنتے ہیں۔ جب آپ کا بچہ بہت چھوٹا ہو اُس وقت ہی پڑھنا شروع کریں۔ اِس میں کوئی بُرائی نہیں ہے! آپ اپنے بچے کے مطالعہ کے انتہائی اہم رول ماڈل ہیں لہذا اِس بات کو یقینی بنائیں کہ آپ کا بچہ آپ کو اپنے کاموں کیلے پڑھتے اور لکھتے ہوئے دیکھے (ضروری نہیں کہ یہ کوئی عظیم کینیڈین ناول ہو– یہ آپ کے دوست کی طرف سے کوئی ای میل بھی ہوسکتا ہے جو کہیں دور چلاگیا ہو)۔

اپنے بچے کے پہلے اُستاد اور رول ماڈل کی حیثیت سے آپکی مدد اور شرکت زندگی بھر کے رویےّ اور دلچسپیوں پر اثر انداز ہوسکتی ہے، ساتھ ساتھ پڑھنے اور لکھنے میں کامیابیوں پر بھی۔ ذیل میں چند پڑھنے اور لکھنے کی سرگرمیاں ہیں جن میں آپ اپنے مصروف روز مرہ کے پروگرام میں بچے کو شریک کرنا چاہیں:

- ٹریفک، سٹور اور ریسٹورنٹ کے بورڈ پڑھیں۔
- اشیاء خورد نوش کے لیبل، شیڈول، نقشے، ہدایات، اشتہارات، فلائر اور بروشر پڑھیں۔
- ترکیب استعمال، نقشہ پرالفاظ اور جگہوں کے معنوں کیلئے آن لائن تلاش کریں
- خریداری کی فہرست اور ٹیلی فوں کے پیغامات لکھیں
- فیملی کینلڈر پر ملاقات کی تاریخ اور وقت اور سرگرمیاں لکھیں۔
- مبارک باد کے کارڈ، شکریہ کے پیغام یا خطوط اور ای میل اور ٹیکسٹ پیغام لکھیں اور پڑھیں(عام لکھائی اور جُڑے ہوئے الفاظ لکھنا یا کی بورڈ کا استعمال سب ٹھیک ہیں)

# والدین کیلئے خواندگی کے چار اہم نکات

بچے روزمرہ کے معمول پر اچھے ردّعمل کا اظہار کرتے ہیں۔ لہٰذا اگر ممکن ہو تو اکھٹے پڑھنے کو ایسی چیز بنائیں جس کا آپ اور آپ کا بچہ ہر روز منتظر رہے یہاں اِس بارے میں کچھ خیالات ہیں کہ آپ اکھٹے اِس وقت کا بہترین استعمال کیسے کرسکتے ہیں:

روزانہ مطالعہ کا وقت مقرر کریں:

- ہرروز ایک مخصوص وقت مقرر کریں جب آپ اپنے بچے کے ساتھ مطالعہ کو مکمل توجہ دے سکیں۔
- معلوم کریں کہ آپ کا بچہ کس بارے میں بے قرار ہے اور اُس موضوع کے بارے میں زیادہ سے زیادہ معلومات جمع کریں۔
- مل کر لائبریری جائیں یا مواد کو آن لائن تلاش کریں۔
- کسی مخصوص TV شو میں آنے والے آپ کے بچے کے پسندیدہ کرداروں پر مبنی کتابوں کو استعمال کریں۔
- آن لائن پڑھنے کیلئے گھرسے یا مقامی لائبریری سے بڑی بڑی ویب سائٹ استعمال کریں(جیسے اِس کتابچے کی پشت پر دی گئی ویب سائیٹس)۔
- کھیلوں، پزلز، کامکس یا سافٹ ویئر کیلئے ایک جگہ شامل کریں۔
- اپنے بچے کی پہلی زبان میں کتابیں پڑھیں۔ اِس سے آپ کے بچے کو انگریزی (English)، فرانسیسی (French) اوردوسری زبانوں میں پڑھنے میں مدد ملے گی۔



## چوتھا نقطہ اِسے تفریح بنائیں،

...[مطالعہ] کو تفریح بنائیں، یہ ہوم ورک کی طرح نہیں ہونا چاہیئے۔ مطالعہ کو دِل بہلانے کیلئے بنائیں– مزاحیہ آوازیں نکالیں اور اکھٹے اِس کی ایکٹنگ کریں – بچے اِسے پسند کرتے ہیں!

**Robert Munsch, 2005**
"A Moment with Munsch"

**اِسے اہم بنائیں**

جب بچے مطالعہ کا لُطف اُٹھائیں تو وہ بہت پڑھتے ہیں اور بہت سا پڑھنے سے وہ ایک اچھے پڑھنے والے بن جاتے ہیں۔ وہ چیزوں کوسمجھنے کیلئے بھی پڑھتے ہیں اور اپنے بارے میں اور دُنیا کے بارے میں سیکھنے کیلئے بھی (یا شاید وہ کسی ویڈیو زیادہ گیم سے زیادہ متاثر ہوں اور اُس کے بارے میں پڑھنے کیلئے راغب ہوں!) وہ زبان کی تکنیک سے رُکتے نہیں کیونکہ اُنہوں نے اُس کے رموز کو بھانپ لیا ہے۔ اُس موقعہ پر ایک بالکل نئی دُنیا اُن کے سامنے آتی ہے۔

**آپ کیا اکھٹے پڑھنے والے ہیں، اُس کا انتخاب کریں:**

- مشورے کیلئے آن لائن دیکھیں۔ شاید اُن موضوعات کی بنیاد پرجن میں آپ کا بچہ دلچسپی رکھتا ہو۔
- موضوعات کی تلاش کیلئے لائبریری یا بک سٹور کا دورہ کریں۔

**ہر قسم کی کتابیں، ہر قسم کا پڑھنے کا مواد منتخب کریں:**

- تمام قسم کی غیر افسانوی – شاید کینیڈا (Canada) یا دُنیا کی دوسری جگہوں، جنگلی جانوروں یا ڈائنا سورس کے بارے میں ابتدائی پڑھنے والوں کی کتابیں
- ایسے موضوعات پر کتابیں یا مضامین جو دُنیا کے بارے میں مثبت یا مضبوط خیالات رکھتی ہوں۔
- تمام قسم کے افسانے– ولولہ انگیز مناظر سے پُر، تخیلاتی، سائنسی افسانے، مزاحیہ کہانیاں
- ایسی کہانیاں جن میں یہ اظہار ہوتا ہے کہ وہ خود کوکیسے دیکھتی ہیں: مہم جو ، ہیرو، شہزادی ، جانوروں سے پیار کرنے والے(جانوروں کا علاج کرنے والے ابتدائی دور میں !) جاسوس، نگہداشت کرنے والے اور بہت سے
- سلسلہ وار کہانیوں پر کتابیں(بچے ایک مانوس کردار کی پسندیدگی سے پہچانے جاتے ہیں)
- اخبارات، رسائل، ای سبسکرپشن
- کامک بُکس اور گرافک ناول، کارٹون، لطیفے، بیس بال کارڈز، گیم سکورز، ذہنی آزمائش کے کھیل
- نغمے، گیت، یا متن جو اُن کے موسیقی اور فنون لطیفہ کے مذاق کو لبھاتے ہیں۔


# والدین کیلئے خواندگی کے چار اہم نکات

**کہانی کو حقیقت بنا دیں:**

- کہانی میں مختلف کرداروں کی مختلف آوازوں کو استعمال کریں۔
- جب بھی وہ کہانی میں ظاہر ہو کردار کے نام کے بجائے اپنے بچے کا نام استعمال کریں۔
- کہانی کے کرداروں کا اُن لوگوں سے موازنہ کریں، جنہیں آپ جانتے ہوں۔ حقیقی لوگوں میں اور کہانی کے کرداروں میں جو چیزیں مشترک ہوں اُن کے بارے میں بات کریں۔
- پُتلیاں بنا کر کہانی میں ایکٹنگ کیلئے استعمال کریں۔
- اپنے بچے کی حوصلہ افزائی کریں کے مناظر اور کرداروں کا خاکہ بنائے یا رنگ بھرے، اِس نظریہ کے بارے میں بات کریں کہ"ہرتصویر ایک کہانی پیش کرتی ہے۔"
- اپنے بچے کی پسندیدہ کہانیاں جتنی بار آپ کا بچہ چاہے دوہرائیں۔

**اِسے باموقعہ بنائیں:**

- اپنے بچے کو یہ سمجھنے میں مدد کریں کہ اکثر کہانیاں ایک مخصوص نقطہ نظر یا ذہنی نقشہ پیش کرتی ہیں۔(آپ یہ بات کرسکتے ہیں کہ کہانی کیسے بدل جائے گی اگر کرداروں میں کوئی اور اُسے بتا رہا ہو۔)
- کہانی میں احترام اور سوشل اور کلچرل انصاف کوملحوظ رکھیں ۔ کیا کہانی میں کرداروں کو انصاف کے ساتھ پیش کیا گیا ہے؟
- اس موضوع پر بات کریں کہ مصنف نے یہ کہانی کیوں لکھی ہے ،خاص طورپر اگر کہانی کوئی سوشل پیغام دے رہی ہو۔
- مدیر کے نام خطوط، اداریہ اور اخبار کے کالم دیکھ کر دُنیا میں ہونے والے امور کے بارے میں مختلف آرا کی کھوج لگائیں۔



# اپنے بچے سے بہترین توقعات رکھیں۔

ہمیں اُمید ہے کہ آپ نے اِس گائیڈ کو اپنے بچے کے روانی سے پڑھنے اور واضح طور پر لکھنے کے ولولہ انگیز سفر میں معاون پایا ہوگا۔ اعلیٰ توقعات ، صبر اور پُر مغز تبادلہ خیالات سے آپ کا بچہ پڑھنے اور لکھنے والے پھول کی طرح کھل جائے گا۔ اپنے بچے کے اُستاد کے ساتھ گھر پر لکھنے اور پڑھنے میں شراکت ایک بہترین اور اہم کوشش ہے جس سے آپ کے بچے کا مستقبل سنور سکتا ہے۔

یونیورسٹی آف ٹورنٹو (University of Toronto) کے پروفیسر جم کیومنز (Jim Cummins) کہتے ہیں کہ ہم بچوں کو سکھانے میں چار کلیدی طریقو ں سے مدد کرسکتے ہیں:

1. جب ہم تعلیم کو سوشل اور متعامل بنائیں۔
2. جب ہم سوالات پوچھنے اور جوابات کی کھوج لگانے کیلئے مل کر گہرائی میں جاتے ہیں۔
3. جب ہم پسند کی حوصلہ افزائی کرتے ہیں، اُنہیں پڑھنے کا موقع دیتے ہیں اوراُنہیں اُن کی رائے بنانے دیتے ہیں۔
4. جب ہم اُنہیں سوال کرنے اور خطرات سے کھیلنے کی حوصلہ افزائی کرتے ہیں۔(محفوظ رکھتے ہوئے اپنے بچے سے بہترین توقعات رکھیں)۔

### اپنے بچے سے بہترین توقعات رکھتے ہوئے

1. کامیابیوں کی تعریف کریں
2. غلطیوں پر رکاوٹ پیدا نہ کریں
3. اپنے بچے کو اُستاد کی مدد کیلئے پوچھنے کی حوصلہ افزائی کریں۔
4. اپنے بچے کو اُس کی کارکردگی کا جائزہ لینے میں اس کی مدد کریں



**TVOParents**

یہ بچوں کی مدد کیلئے والدین کو سیکھنے میں مدد کےلئے ویڈیوز اور دوسرے وسائل کی ایک مکمل سائٹ ہے۔

http://tvoparents.tvo.org

**TVOKids**

یہ ویب سائٹ 170 تعلیمی کھیلوں، 4,500 سے زائد ویڈیوز اور TVOKids Homework Zone کا گھر ہے۔

www.tvokids.com

**KidLit**

KidLit پر بچے اپنے کام کو آن لائن شائع کرتے ہیں اور لوگ اُن پر رائے کا اظہار کرتے ہیں۔ بچے اپنی پسندیدہ کتابوں پر اپنے تبصرے بھی یہاں بھیج سکتے ہیں۔

http://mgfx.com/kidlit/

**Be a Great Parent**

ریجنل میونسپلٹی آف نیاگرا (The Regional Municipality of Niagara) کی مہم موئثر رابطے، رہنمائی اور اپنے بچوں یا 13 سے 19سالہ سے تعلقات کے بارے میں والدین کے سوالوں کے جواب پر فوکس کرتی ہے۔ مفید پوسٹرز وسائل اور حقائق نامے یہ سائٹ وسائل مہیا کرتی ہے ۔

www.beagreatparent.ca

**Canadian Wildlife Federation**

یہ سائٹ قدرتی مقامات کے بارے میں پروگرام چلاتی ہے۔ تمام عمر کے بچوں کو جنگلی جانوروں کی زندگی اور صحت مند قدرتی مقامات کے بارے میں جاننے کی حوصلہ افزائی کرتی ہے۔

www.cwf-fcf.org/en/educate/ed_resources/kids-corner/

**Canadian Geographic Kids**

بچے کینیڈا (Canada) کی بھر پور جنگلی جانوروں کی دُنیا (woolly wildlife) ، عظیم جیو گرافی اور مسحور کُن حقائق کے کھوج لگاسکتے ہیں۔ کھیلیں، ہوم ورک میں مدد اور بہت کچھ پیش کرتی ہے۔

www.canadiangeographic.ca/kids/

***Kayak:* Canada's History Magazine for Kids**

یہ سائٹ بچوں کو کینیڈا (Canada) کے ماضی اور اُس کے حالیہ دور سے تعلق کے بارے میں تمام سوالات کون، کیا، کب، کہاں ، کیوں اور کیسے کا تعارف کرواتی ہے۔ کینیڈا کی نیشنل ہسٹری سوسائٹی (Canada's National History Society) سے شائع کردہ، *Kayak* 7 سے 11سال کے بچوں کے تصورات کو گرفت میں لینے کیلئے ترتیب دی گئی ہے۔

http://resource.canadashistory.ca/kayak/

**Ontario Education Resource Bank (OERB)**

اس آن لائن لائبریری میں تمام گریڈز کے طلباء کے لئے سرگرمیوں اور وسائل کا مواد ہے۔ طلباء آن لائن سرگرمیوں اور مشقوں میں حصّہ لے سکتے ہیں جو وہ گھر پر اپنی سیکھنے کی صلاحیتوں کو بڑھانے کیلئے کرسکتے ہیں۔

www.edu.gov.on.ca/elearning/bank.html

**BBC Kids**

یہ مفت تجارتی چینل پری اسکولز سے 13-19سالہ بچوں کیلئے پروگرام نشر کرتا ہے۔ زیادہ تر برطانیہ (Britain) سے لیکن کچھ حصّہ کینیڈین (Canadian) بھی ہے۔

www.bbckids.ca

**Parents Matter**

یہ ویب سائٹ ایسے اوزار اور لنک رکھتی ہے، جو ایسے والدین کی جو اپنے بچوں کی تعلیم اور افزائش میں شامل ہیں مدد کرتی ہے۔

www.parentsmatter.ca/index.cfm

# والدین کیلئے پیغام

**Discovery Channel School**

یہ سائٹ وسیع پیمانے پر مفت کلاس روم کے وسائل اور سیکھنے کے آلات بچوں کی مدد کیلئے پیش کرتی ہے تاکہ وہ اپنی تعلیم کے خود ذمہ دار بن جائیں۔ یہ ویب سائٹ معروف اساتذہ اور والدین کو مدنظر رکھتے ہوئے ترتیب دی گئی ہے۔

www.discoveryeducation.com/teachers/

***National Geographic Kids***

بچوں کا یہ رسالہ نیشنل جیو گرافک سوسائٹی (National Geographic Society) شائع کرتی ہے۔ جو 6 اور 14 سالہ بچوں کیلئے مناسب ہے۔

http://kids.nationalgeographic.com/kids/

**PBS Kids**

ویب سائٹوں کا یہ رنگین مجموعہ پسندیدہ TV شوز پر مبنی ہے۔ جیسے *Clifford the Big Red Dog,Teletubbies, Reading Rainbow* اور *Sesame Street*۔ بچے اپنے پسندیدہ کرداروں کو دیکھ کر محظوظ ہوں گے اُن سے گیمز کھیلیں گے اور ابتدائی مطالعہ کی حکمت عملیاں سیکھیں گے۔

http://pbskids.org/

**4Kids.org**

4Kids.org معلمین ، لکھنے والوں ، ٹیکنالوجی سپیشلسٹ اور طلباء کی ایک ٹیم ہے جو ہفتہ وار مضامین اور لنک پیش کرتے ہیں جو یہ واضح کرتی ہے کہ آن لائن تعلیم کو کیسے محفوظ، تفریح او مہم جو سرگرمی بن سکتی ہے۔

www.4kids.org

**Sample virtual field trips**

دنیا کے گرد مختلف جگہوں کی اکثر webcam کی رسائی کے ساتھ یا کھیلوں، تصاویر اور ویڈیوز کے ساتھ سیر کریں.

www.theteachersguide.com/virtualtours.html


**United Nations Cyberschoolbus**

طلباء اور اساتذہ دونوں کیلئے UN کے معلوماتی مرکز ہیں

http://cyberschoolbus.un.org

# میں اپنے بچے کو سیکھنے میں کیسے مدد کرسکتا/ کرسکتی ہوں؟

The TVOKids Homework Zone صحیح سمت میں جانے کیلئے اچھا ماحول مہیا کرتا ہے۔ جس میں بچے اُن خیالات کی مشق کرتےہیں جو انہوں نے اسکول میں سیکھے ہوں اور تین بنیادی اطراف سے مدد حاصل کرتے ہیں ۔ جن میں اونٹاریو نصاب (Ontario curriculum) سے: ریاضی، سائنس اور خواندگی شامل ہیں۔ اس میں استاد کی ویڈیوز، TVOKids شو، ویب گیمز، ایسی ورک شیٹ جس پر لکھا جاسکے، مشق کے متعامل آلات اور مطالعہ کی ہدایات شامل ہیں۔ The Homework Zone اِس بات کے مشاہدہ کا موقع دیتا ہے کہ کوئی نظریہ کلاس میں کیسے پڑھایا جاتا ہے اور آپ اپنے بچے کو گھر پر سکھانے میں کیسے مدد کرسکتے ہیں۔






اونٹاریو منسٹری آف ایجوکیشن **(Ontario Ministry of Education)**

Cette publication est disponible en français.

Ontario

ISBN 978-1-4435-9379-3 (Print) ISBN 978-1-4435-9380-9 (PDF)

ISBN 978-1-4435-9381-6 (TXT) © Queen's Printer for Ontario, 2012